میں موجود ہے۔ ابتداء میں دارالعلوم حقانیہ کے مہتمم حضرت مولانا سمیع الحق صاحب مدظلہ کا قیمتی اور پر مغز پیش لفظ ہے۔ جس میں آپ نے اس امر کی وضاحت کی ہے کہ تبلیغ مستورات کے بارے میں یہی ہمارا موقف ہے جو اس کتاب میں پیش کیا گیا ہے۔

کتاب کی افادیت کا اندازہ اس بات سے لگایا جاسکتا ہے کہ انتہائی قلیل مدت (یعنی تین مہینے کے اندر اندر) میں اسکا ایک ایڈیشن ختم ہو گیا ہے اور اب دوسرا ایڈیشن تیاری کے مراحل میں ہے۔

....

نام کتاب : زادالابرار تالیف : مولانا مفتی محمد ارشاد صاحب قاسمی

ضخامت : ۱۹۰ صفحات قیمت : ۱۰۰ روپے

ناشر : زمزم پبلشرز اردو بازار کراچی۔

پیش نظر رسالہ زادالابرار فی الصلوۃ علی النبی المختار المعروف بہ خزینہ درود شریف میں درود پاک کے فضائل خواص دینی اور دنیاوی برکات و ثمرات مختلف صیغوں کے مختلف آثار خواص و فضائل مخصوص فضائل قصص و واقعات احکام مسائل و آداب وغیرہ دیگر ضروری متعلقہ امور کے ساتھ درود پاک کے چالیس ایسے مسنون صیغے جو احادیث معتبرہ سے منقول ہیں۔ اسی طرح تحیات و سلام کے دس مسنون صیغے جو احادیث صحیحہ سے ثابت ہیں مزید فائدے کے لئے ذکر کر دیئے گئے ہیں۔ علاوہ ازیں صحابہ کرامؓ، تابعین عظام، اولیاء و اقطاب کی جانب منسوب درود کے صیغے بھی شامل ہیں۔ آخر میں بترتیب ایام سات منزلیں دی گئی ہیں۔ جو تقریباً ۲۱۸ درود شریف میں مزید افادیت کے لئے، آخر میں ستر استغفار ہیں۔ مولانا مفتی ارشاد القاسمی کا مرتب کردہ یہ رسالہ صلوۃ و سلام اور درود پاک کی ایسی حسین مالا ہے جس سے نہ صرف روح کو بالیدگی اور طراوت ملتی ہے بلکہ انسان جذب و شوق کے ایسے احساسات و کیفیات سے سرشار ہو جاتا ہے جسکے سامنے دینوی لذتوں کی شیرینی ماند پڑ جاتی ہے۔ کتاب کی ترتیب میں زیادہ تر علامہ سخاوی کی القول البدیع کو مرجع اور منبع بنایا گیا ہے۔ زمزم پبلشرز نے اس کی ظاہری حسن کو بھی اجاگر کر کے رسالہ کو مزید جاذب نظر بنایا ہے۔ عامۃ المسلمین کو اس سے ضرور مستفید ہونے کی کوشش کرنی چاہیے۔ تاکہ شافع یوم جزاء کی شفاعت کا مستحق ٹھہریں۔

.......()()()().............